میں محنت کر کے اپنی استعداد نہایت مضبوط بنا سکتا ہے، اس کتاب میں جو امثلہ بیان کی گئی ہیں اس کی ترکیبیں حل کر کے بعد میں اسے آسانی ہوگی، اس کتاب کی بھی کئی شروحات منظر عام پر آچکی ہیں اعراب النحو فی حل تسھیل النحو میں دراصل تسہیل النحو میں موجود تمام عربی عبارات کی ترکیبیں پیش کی گئی ہیں، پہلے پہل طلبہ اور اساتذہ عربی عبارات کے زنجیری ترکیبیں حل کرواتے تھے لیکن اب آہستہ آہستہ یہ سلسلہ ختم ہوتا جارہا ہے، زیرتبصرہ کتاب میں مولف نے اس کی بھرپور کوشش کی ہے کہ ہر عبارت کا زنجیری ترکیب پیش کرے۔ مؤلفین نے بڑی عرقریزی سے اس علمی کام کو سرانجام دیا ہے، مؤلف فاضل نوجوان مولانا عبدالقیوم حقانی مردانی ماشاء اللہ متعدد صلاحیتوں اور خوبیوں سے مالا مال ہیں، درس نظامی کا اکثر حصہ جامعہ حقانیہ سے پڑھا ہے، کچھ عرصہ دارالعلوم کے شعبہ تعلیمات کے ناظم بھی رہے ہیں، تصنیف وتالیف کا اعلیٰ ذوق پایا ہے اور مدیر اعلیٰ مولانا راشدالحق صاحب کے خصوصی شاگرد اور تربیت یافتہ ہیں، اسی لئے کتاب کا انتساب بھی مولانا راشد الحق صاحب کے نام کیا ہے جو ان کی بے لوث محبت وعقیدت کا بہترین مظہر ہے۔ یقیناً اس موضوع پر یہ کتاب قابل صد لائق تحسین ہے، اللہ مؤلف کی اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے اور مزید علمی خدمات کی توفیق نصیب فرمائے۔ (مبصر: محمد اسلام حقانی)

● سلام اور اسلام: السلام علیکم کے شرعی احکام مؤلف: مفتی شیر عالم حقانی

ضخامت: ۳۷۰ صفحات ناشر: موتمر المصنفین جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

حضورؐ کا ہر قول، عمل اور فعل امت مسلمہ کیلئے راہ نجات ہے، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہنا بھی حضورؐ کی مبارک سنت ہے۔ سلام میں امن کا پیغام، محبت کا اظہار اور ساتھ دعاء وسلامتی بھی ہے لیکن بدقسمتی سے آج کل مسلمان آقائے نامدارؐ کی سنتوں کو چھوڑ کر اغیار کے طریقوں پر عمل پیرا ہیں۔ زیرتبصرہ کتاب ''سلام اور اسلام یعنی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے شرعی احکام'' میں مفتی شیر عالم حقانی نے اس مبارک سنت کی اہمیت اور فضیلت اُجاگر کی ہے، جس میں سلام کی لغوی اور اصطلاحی تحقیقات، اہم واقعات، اور سلام کے ضروری مسائل اور فضائل تفصیل سے ذکر کئے گئے ہیں۔ مفتی شیر عالم جامعہ حقانیہ کے فاضل اور قابل مدرس ہیں، اس موضوع پر کافی محنت کر کے یہ گلدستہ قارئین کے لئے پیش کیا۔ امید ہے کہ یہ کاوش امت مسلمہ کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگی (مبصر: محمد اسلام حقانی)

● کایا پلٹ زیرنگرانی: مولانا محمد اسحاق ملتانی واراکین ماہنامہ 'محاسن اسلام' ملتان

ضخامت: ۱۰۰۸ صفحات ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ چوک فوارہ ملتان

ماہنامہ ''محاسن اسلام'' ملتان کا شمار ان اہم رسائل میں ہوتا ہے جن کے مطالعہ سے لوگوں کی زندگیوں میں ایک انقلاب آیا، ماہنامہ محاسن اسلام گزشتہ ۱۷ سال سے معاشرتی اصلاح کے لئے اہم خدمات انجام دے رہا ہے، جس کی سرپرستی ملک کے جید اور اکابر علماء فرمارہے ہیں، اس کے مدیر مولانا محمد اسحاق صاحب ہیں جو خود بھی ایک جید